© rasailojaraid.com

# ☆☆اصحاب خیر کے نام☆☆

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ سے یہ بات مخفی نہیں ہے کہ پوری دنیا میں اسلامی تعلیمات اور اس کے افکار کو بڑی اہمیت حاصل ہو رہی ہے۔ خاص کر یورپ میں اسلامی رجحانات میں بہت اضافہ ہو رہا ہے اور لوگوں کی بڑی تعداد دائرہ اسلام میں داخل ہو رہی ہے۔ پاکستان میں بھی باشعور طبقہ اب شرعی مسائل میں کتاب وسنت کو ترجیح دیتا ہے۔ ایسی صورت میں ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے رجال خیر اور علماء کرام تیار کئے جائیں جو صحیح معنوں میں کتاب وسنت پر مبنی اسلامی تشریحات ان کے سامنے پیش کر سکیں۔ اس سلسلے میں جامعہ سلفیہ فیصل آباد اپنا بنیادی کردار بڑی خوش اسلوبی سے ادا کر رہا ہے اور ایسے افراد کی تیاری میں شب و روز مصروف عمل ہے۔ جو حاملین کتاب وسنت ہوں اور اس کی صحیح تعبیر کر سکیں۔ جامعہ سلفیہ کا بہترین نصاب اور مثالی نظام بین الاقوامی یونیورسٹیوں سے ہم آہنگ ہے یہی وجہ ہے کہ یہاں نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک سے بھی طلبہ کی کثیر تعداد زیور تعلیم سے آراستہ ہو رہی ہے۔ اور فارغ التحصیل ہو کر اکناف عالم میں دین اسلام کی خدمت میں مصروف ہیں۔ جامعہ میں ممتاز علماء، سکالر اور ماہرین تعلیم تدریسی فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ جو دن رات جہالت اور ناخواندگی کے خلاف عملی جہاد میں مصروف ہیں۔

جامعہ سلفیہ کو اپنے مقاصد کے حصول میں جہاں اہل علم اور ماہرین تعلیم کی ہمہ وقت ضرورت رہتی ہے وہاں یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اصحاب خیر و اصحاب ثروت کے تعاون کے بغیر جامعہ اپنے نصب العین تک نہیں پہنچ سکتا۔ اس ضمن میں آپ نے ہمیشہ اپنی ذمہ داریاں بڑے خلوص سے ادا کی ہیں۔ اور دامے، درمے، قدمے، سخنے تعاون کیا ہے اور اپنے قریبی احباب کو بھی توجہ دلائی ہے۔ یہ بات بھی آپ سے مخفی نہیں کہ موجودہ حالات میں جامعہ کا سالانہ میزانیہ بھی کافی متاثر ہوا ہے۔ اس لئے آپ سے گزارش ہے کہ عظیم تر مقاصد کے حصول کیلئے پہلے سے زیادہ تعاون فرمائیں اور دل کھول کر مالی اعانت کریں۔ تاکہ ادارہ سکون و اطمینان کے ساتھ اپنا کام جاری رکھ سکیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم سے نوازے۔

والسلام

ترسیل زر کیلئے:

صوفی احمد دین۔ خازن جامعہ سلفیہ

اکاؤنٹ نمبر 3665

حبیب بنک لمیٹڈ گول کلاتھ برانچ

فیصل آباد

میاں نعیم الرحمن طاہر

صدر جامعہ سلفیہ

فیصل آباد

© rasailojaraid.com